यह जिन्दगी कितनी हसीन है

یہ زندگی کتنی حسین ہے

اداکاران

اشوک کمار۔ جے مکرجی

ساحرہ بانو۔ موتی لال

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱

زندگی کتنی حسین ہے فلم کے لئے گانا

پہلے آنکھ لڑائیے پھر آگے بڑھ جائیے
بڑھ کر ہاتھ ملائیے۔ اپنا نام بتائیے، پہلو میں جم جائیے
پھر بھی نہ وہ پیار کرے تو پیچھے ہی پڑ جائیے
محبت رنگ لائے گی حسینہ مان جائے گی
کسی سے پیار کرکے دیکھئے، یہ زندگی کتنی حسین ہے
محبت رنگ لائے گی —
بس پہلی ہی پہچان میں۔ لیجاؤ رستوران میں
فرمائش کرو ڈانس کی، یہ منزل ہے رومانس کی
پھر حال دل کہہ دیجئے، کچھ شرم نہ اس میں کیجئے
اگر وہ روٹھ جائے گی تو کیا وہ شبو بچائے گی
کورس:۔ نو نو نو نو
حسینہ مان جائے گی حسینہ مان جائے گی
لڑکا:۔ ڈر لگتا ہو تو فون پر کہہ دو نہیں سویا رات بھر
بے خبر ہی سے یا شرم سے، بس کہتے جاؤ دھرم سے
دیوانہ ہوں مر جاؤں گا۔ بدنام تجھے کر جاؤں گا
اگر وہ خوف کھائے گی تو سیدھی چل کے جائے گی
کورس۔ یس یس یس یس یس

حسینہ مان جائے گی حسینہ مان جائے گی

لڑکا :- دل رکھتی ہو تو مرے گی ، اک دن محبت کرے گی
اب دُور ہی ہے رُسوائی سے ، پھر بھاگے گی تنہائی سے
پکڑے گی پلہ عشق کا ، ظالم ہے پلہ عشق کا
جو اس محفل میں آئے گی ، تو کیا وہ بچ کے جائے گی

کورس :- نو نو نو نو نو

حسینہ مان جائے گی ......

کسی سے پیار کر کے دیکھئے ، یہ زندگی کتنی حسین ہے

گانا نمبر ۲ :- خدا را یوں نہ دل توڑو
لڑکین کی یہ ضد چھوڑو

جواں ہو ماشاء اللہ تم جواں ہو ماشاء اللہ تم جواں ہو
اگر تم چاند سے ماتھے پہ اپنی زلف لہرا دو
تو میرا دل دعا دے گا
اگر اپنی کمر کو اک ذرا ہولے سے بل کھا دو
جو مانگو گی خدا دے گا
خدا نے ہی جوانی دی جوانی کا نہ حق چھینو
جواں ہو ماشاء اللہ تم ....
سنا تو ہو گا تم نے زندگی اک بار ملتی ہے
دوبارہ مل نہیں سکتی
محبت کی کلی بھی عمر میں اک بار کھلتی ہے
دوبارہ کھل نہیں سکتی

محبت کے یہی دن ہیں محبت کو نہ ٹھکراؤ
جواں ہو ماشااللہ تم جواں ہو...
اگر ہونٹوں پہ نغمے آ رہے ہیں روکتی کیوں ہو
یہ نغمے روٹھ جائیں گے
کوئی دل لینے تجھے آ رہا ہے روکتی کیوں ہو
یہ موقعے پھر نہ آئیں گے
بُلاوا میری باہوں کا چلو منظور بھی کر لو
جواں ہو ماشااللہ

گانا نمبر ۱۳۔ دیکھو یہ دیوانہ
روز اک کہانی روز اک فسانہ سُنانا چاہتا ہے
عاشقی کی باتیں
مجھے سُنا سُنا کے جال میں یہ اپنے پھنسانا چاہتا ہے
دیکھو یہ دیوانہ
دعویٰ یہ کر رہا ہے کہ جانتا ہے مجھکو
سو سال سے یہ جیسے پہچانتا ہے مجھکو
ہوائے عشق اس کو نئی نئی لگی ہے
مجھے بھی اس ہوا میں اُڑانا چاہتا ہے
دیکھو یہ دیوانہ
ہے دل کوئی کھلونا جو اسکو دے ہی دیں گے
لگتا ہے یہ چل کے بس ہم تو ہی بن گئے
وہ دل تو ہے انکے جو روز چوٹ کھائے

یہ کام دل لگی میں نیانا چاہتا ہے

دیکھو یہ دیوانہ

ہے شمع کی تمنا تو جل کے بھی دکھائے

جب حال دل سنائے آنکھوں میں خون لائے

بیسویں صدی کا عاشق عجیب دیکھا

جو رنگ مفت میں ہی جمانا چاہتا ہے

دیکھو یہ دیوانہ

روز اک کہانی روز اک فسانہ سنانا چاہتا ہے

دیکھو یہ دیکھو

گانا نمبر ۲ – ننگے بازو ننگی رانیں حسن کا یہ معیار نہیں

عریانی سے لطف اٹھاؤں روح میری بیمار نہیں

ننگے بازو ——

آنکھ شمع سے کب ہٹتی ہے جب تک وہ فانوس میں ہو

بے پردہ ہو جائے تو کوئی تکنے کو تیار نہیں

ننگے بازو ——

تیرا بدن ہے راز خدا کا انسانوں پر فاش نہ کر

یا ایسا گھر مجھے دکھا دے جس میں کوئی دیوار نہیں

ننگے بازو ——

کس نے بیچی چاندی کی چاندنی کہاں بکا سورج کا سونا

یہاں لگا ہیں ان کی بولی ایسا کوئی بازار نہیں

ننگے بازو ——

اپنا اک اک انگ دکھا کر جیت لی تو نے حسن کی بازی
سوچ ذرا یہ ٹھنڈے دل سے جیت تیری کیا ہار نہیں

نغمے بازد

عریانی سے لطف اٹھاؤں تو چھیری بیمار نہیں
گانا نمبر ۵: خدارا یوں نہ دل توڑو. لڑکپن کی یہ ضد چھوڑو
جواں ہو ماشاء اللہ تم. جواں ہو ماشاء اللہ تم
اگر تم مسکرا کر پیار سے باہوں کو پھیلا دو
تو ہم باہوں میں آ جائیں
اگر اپنی زباں سے پیار کا اقرار فرما دو
تو ہم جنت کو پا جائیں
حسیں ہم ہیں جواں تم ہو تو پھر یہ دوریاں کیسی
جواں ہو ماشاء اللہ تم
مچلتی آرزو دل کی دبانے سے بھی کیا حاصل
کہ دل تو اور دھڑکے گا
جوانی میں محبت کو چھپانے سے بھی کیا حاصل
یہ شعلہ اور بھڑکے گا
محبت کی قسم تم کو محبت کر کے تو دیکھو
جواں ہو ماشاء اللہ تم
گانا نمبر ۶: جینے کا اگر انداز آئے تو کتنی حسین ہے زندگی
مرنے کے لئے جینا ہے اگر تو کچھ بھی نہیں ہے زندگی
یہ لوگ یہاں پھولوں کی جگہ کانٹوں کی تمنا کرتے ہیں

جینے ہیں نہ جینے دیتے ہیں ہنسی کو وہ رسوا کرتے ہیں
جینے کا اگر انداز ـــــ
شبنم کی چمک سورج کی کرن کلیوں کی ہنسی دیکھی ہی نہیں
یہ زندگی کتنی دلکش ہے افسوس ابھی دیکھی ہی نہیں
جینے کا اگر انداز ـــــ
یہ جینا بھی کوئی جینا ہے جینے بھی رہے مرنے بھی رہے
اور دیں کی نوجوان کے دشمن تھے اور موت سے خود لڑتے بھی رہے
جینے کا اگر انداز ـــــ

گانا نمبر ۵:۔ کوئی آنکھ ملا کے دیکھے
کوئی پیار جتا کے دیکھے
دل والو لے آئی ہوں میں اکھیوں کے بان
کوئی ہے جو جا کے رکھ دے نشانے پہ جان
پیار میں جینے والے لاکھوں مرنے والا کوئی نا
عشق کی خاطر جان کا سودا کرنے والا کوئی نا
دل والے تو ایک ادا پہ ہوتے ہیں قربان ـ کوئی آنکھ ملا ـــ
دیوانہ تو پیار کرے گا زلفوں کی زنجیر سے
پائے گا وہ منزل اپنی اک نظر کے تیر سے
عشق میں جان بچانے والے ہوتے ہیں نادان ـ کوئی آنکھ...
جینے والا کیا جانے جو مرنے میں آرام ہے
دوپہر کی گرمی سے تو اچھی ٹھنڈی شام ہے
اب ہو جائے گی ہر مشکل آسان ـ کوئی آنکھ ملا کے دیکھے
تمام شد

میجک پروفیسر بن جاؤ

جادوگری تماشا

جادو کے کھیلوں پر ایسی لاجواب اور اصلی کتاب دنیا بھر کی زبان میں نہیں ملے گی جس میں مختلف قسم کے سینکڑوں حیرت میں ڈالنے والے کھیل جنکو تماشہ کرنے والے بڑے بڑے میجک پروفیسر اور شعبدہ باز کے مداری بڑی بڑی کمپنیوں بازاروں اور گلی کوچوں میں دکھا کر حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔ جادو کے سارے کھیل گھر بیٹھے دیکھ کر پورے میجک پروفیسر بن کر ہزاروں روپیہ کما سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱۰ ؍ ۱ علاوہ ڈاک خرچ

کالا جادو عرف قانون محبت

کہاں ہیں وہ بدنصیب عشاق جو دیدار یار کی ایک جھلک دیکھنے کی خاطر اپنا سب کچھ لٹا دیتے ہیں۔ آئیں اور اس کتاب کے مفید ہدایتوں سے اپنی مراد حاصل کریں۔

قیمت صرف ۔/۴/۱ علاوہ ڈاک خرچ

فن جادو مسمریزم

مسمریزم یا ہپناٹزم کا علیحدہ کی ایک عجب و غریب کتاب ہے اسکے ذریعہ آپ یہیں بیٹھے گم شدہ دولت اور چوری گئی ہوئی چیز کا فوراً پتہ لگا سکتے ہیں۔ اس علم کے ذریعہ مقدمہ کا نتیجہ معلوم کر سکتے ہیں۔ غرضیکہ آپکی ہر مشکل میں کام آسکتی ہے۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ ڈاک خرچ

ملنے کا پتہ:۔ زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دھلی